## ملک بھر میں ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' بھرپور، منظّم انداز اور جوش وخروش سے منا کر ملک بھر کے عوام کی جانب سے دفاع وطن کیلئے دنیا بھر کو پاک فوج کے ساتھ ہونے کا واضح پیغام دیدیا گیا ہے، الطاف حسین

## امریکی ونیٹو افواج کے حملے کے منظّم اور پرامن احتجاج ملک کی سلامیت اور مزید استحکام بخشنے کیلئے اہم پیش رفت ہے

## قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے منانے پر ملک بھر کے عوام، کارکنان اور شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے اظہار تشکر

لندن:۔۔۔29،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' قومی جذبے کے ساتھ بھرپور انداز میں منانے پر ملک بھر کے عوام، کارکنان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کیا ہے اور انہیں ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کی فقیدالمثال کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ امریکی ونیٹو فورسز کی جانب سے پاکستان کی فوجی چوکی پر حملہ کرکے پاک فوج کے افسران اور جوانوں کو شہید وزخمی کرنا کھلی جارحیت ہے اور وطن عزیز کی سلامتی اور خودمختاری کے معاملے پر پوری قوم نے جس بھرپور طریقے اور قومی جذبے کے تحت ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' منایا، اپنے گھروں، دفاتر، دکانوں، کاروباری مراکز، ٹرانسپورٹ اور گاڑیوں پر سبز ہلالی پرچم لہرائے اور ملک بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر کے علاوہ دیگر مقامات پر بھی قومی پرچم کشائی کی تقاریب کا انعقاد کیا اس نے ملک بھر کے عوام کی جانب سے دفاعِ وطن کیلئے دنیا بھر کو پاک فوج کے ساتھ ہونے کا واضح پیغام دیدیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' کی بھرپور کامیابی اس بات کا ثبوت ہے کہ ملک کی غیرت حمیت، عزت ووقار کی خاطر ملک بھر کے عوام پارٹی اختلافات سے بالاتر ہوکر متحد ومنظّم ہیں اور کسی بھی بیرونی جارحیت کے عمل کو ہرگز برداشت نہیں کرسکتے۔انہوں نے کہا کہ جس ملک کے عوام اپنی آزادی اور خودمختاری پر حملے کے خلاف اس طرح متحد اور منظّم ہوکر پرامن طور پر اپنا احتجاج ریکارڈ کرائیں وہ وطن عزیز میں بیرونی جارحیت کے عزائم رکھنے والے کیلئے نوشتہ دیوار ہے۔جناب الطاف حسین نے امریکی ونیٹو فورسز کے بلااشتعال حملے کے خلاف متحد ومنظّم ہوکر ملک بھر میں ''قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے'' بھرپور انداز میں منانے کے عمل کو ملک کی سلامیت اور اسے مزید استحکام بخشنے کیلئے اہم پیش رفت قرار دیا اور اسے شاندار کامیابی سے ہمکنار کرانے پر ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، عوام اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ٹیکسلا کے قریب پشاور سے راولپنڈی آنے والی مسافر وین کے حادثے میں 14 افراد کی ہلاکت اور متعدد کے زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔29،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹیکسلا کے قریب پشاور سے راولپنڈی آنے والی مسافر وین کے حادثے میں 14 افراد کے جاں بحق اور متعدد کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد ومکمل صحت وتندستی عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کا اسپورٹس گراؤنڈ کچہری چوک ملتان کا دورہ، 23 دسمبر کو ہونے والے جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا

## ملتان میں ایم کیوایم کے جلسہ عام کی کامیابی نہ صرف پنجاب بلکہ ملک بھر کے عوام کیلئے نئی اور روشن راہیں متعین کردیگا، اراکین رابطہ کمیٹی

ملتان۔۔۔29،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان رضا ہارون، سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا، توصیف خانزادہ اور سلیم تاجک نے منگل کے روز اسپورٹس گراؤنڈ کچہری چوک ملتان کا دورہ کیا اور 23 دسمبر کو ایم کیوایم کے تحت منعقد ہونے والے جلسہ عام کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی وسینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن وسیم اختر، ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے ارکان زاہد ملک، شاہین انور گیلانی، ایم کیوایم صوبائی کمیٹی کے اراکین اور ملتان زون کے زونل انچارج رائے خالد دیگر کارکنان بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اسپورٹس گراؤنڈ میں جلسہ عام کیلئے اسٹیج کی جگہ کے تعین کے علاوہ مختلف کمیٹیاں تشکیل دینے پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے ذمہ داران وکارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 23 دسمبر کو ملتان میں ہونے والا جلسہ عام نئی تاریخ رقم کرے گا اور یہ جلسہ عام بھرپور کامیابی سے ہمکنار ہوکر نہ صرف پنجاب بلکہ ملک بھر کے عوام کیلئے نئی اور روشن راہیں متعین کردے گا۔

## ایم کیوایم روالپنڈی زون کے زیراہتمام ’’قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے‘‘ کے سلسلے میں جنرل ہیڈکوارٹر راولپنڈی کے سامنے پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار، سبز ہلالی پرچم لہرا کر امریکی و نیٹو فورسز کے بلااشتعال حملے کی مذمت کی گئی
## ہاتھوں میں قومی پرچم لئے کارکنان کے جم غفیر کی پاک فوج کے حق میں نعرہ بازی

راولپنڈی:۔۔۔۔29،نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ راولپنڈی زون کے زیر اہتمام ’’قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے‘‘ کے سلسلے میں راولپنڈی جنرل ہیڈکوارٹر کے سامنے پاک فوج کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا گیا اور سبز ہلالی پرچم لہرکر امریکی اور نیٹو فورسز کے بلا اشتعال حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی گئی۔ راولپنڈی جنرل ہیڈکوارٹر کے سامنے ایم کیوایم راولپنڈی زون کے تحت ’’قومی یکجہتی واستحکام پاکستان ڈے‘‘ کی تقریب میں حق پرست سینیٹر عبدالخالق پیرزادہ ایم کیوایم کی سینٹرل ایگزیکیٹوکونسل کے ارکان زاہد ملک، طاہر کھوکھر، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج ارشد سبیل، اراکین زونل کمیٹی راولپنڈی، کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر کارکنان وعوام نے پاکستان کی خودمختاری اور سالمیت پر حملے کے خلاف پاکستانی پرچم لہرا کر بھرپور قومی یکجہتی کا مظاہرہ کیا اور پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین کے خلاف ذوالفقار مرزا کے نازیبا جملے استعمال کرنے پر ایم کیوایم امریکہ کا اظہار مذمت

واشنگٹن ڈی سی:۔۔۔29نومبر،2011ء

ایم کیوایم امریکہ کے سینٹرل آرگنائزر جنید فہمی اور اراکین سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی نے قائد تحریک جناب الطاف حسین پر جھوٹے اور بے بنیاد الزامات لگانے اور اور غیر اخلاقی زبان استعمال کرنے پر سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ذوالفقار مرزا پاکستان اور لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کیلئے مسلسل گھناؤنے پرتشدد منصوبے پر عمل کرتے چلے آرہے ہیں جس کی پاداش میں سینکڑوں بے گناہ معصوم عوام قتل کردیئے گئے جس کی وجہ سے دنیا بھر میں پاکستان کی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں اور وہاں کے رہنے والے پاکستانیوں کو جو برسوں سے ایک دوسرے سے پیار محبت رکھتے ہیں ان کے دلوں میں نفرتیں پیدا کرکے انہیں بھی آپس میں لڑانے کی سازش کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ان کی قیادت پر ماضی میں بھی ملک دشمنی اور غیر ملکی ایجنٹ ہونے کے الزامات لگتے رہے ہیں اور یہ الزامات کسی بیمار، جاگیردارانہ اور متعصّبانہ ذہن کی عکاس ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ذوالفقار مرزا نے ازخود یہ اعتراف کیا ہے کہ انہوں نے پیپلز امن کمیٹی میں جرائم پیشہ افراد کو بھرتی کیا ہے اور جس کی سربراہی وہ خود کرتے ہیں اور وہ جب چاہیں گے انہیں ایم کیوایم کے خلاف استعمال کریں گے۔ ایم کیوایم امریکہ تمام محبّ وطن پاکستانیوں کو باور کرانا چاہتی ہے کہ ذوالفقار مرزا انسانیت کے خلاف جرائم کے مرتکب ہی نہیں ہوئے ہیں بلکہ وہ گستاخئ رسولؐ کے مرتکب بھی ہوئے ہیں۔ ایم کیوایم امریکہ کے ذمہ داران نے چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس افتخار محمد چودھری سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے خلاف جھوٹے اور من گھڑت الزامات لگانے اور اندرونی وبیرونی ممالک میں نفرتیں پھیلانے اور انہیں آپس میں لڑانے کی سازش کرنے پر ذوالفقار مرزا کے خلاف عدالتی کاروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب کی شیعہ عالم دین علامہ حسن ظفر نقوی سے ملاقات
## کراچی نمائش چورنگی پر عزاداران حسینؑ پر شرپسند دہشت گرد عناصر کی جانب سے فائرنگ کی مذمت

کراچی:۔۔۔29نومبر،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے اسلامک ریسرچ سینٹر فیڈرل بی ایریا واقع عائشہ منزل پر دوران مجلس شیعہ عالم دین علامہ حسن ظفر نقوی سے ملاقات کی اور گزشتہ روز کراچی میں نمائش چورنگی پر عزاداران حسینؑ پر شرپسند دہشت گرد عناصر کی جانب سے فائرنگ کی شدید مذمت کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ بے گناہ عزاداران حسینؑ کے سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے اور کراچی کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنانے کیلئے مثبت اور ٹھوس اقدامات کئے جائیں۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی رکن وسیم آفتاب نے علامہ حسن نقوی سے گفتگو کرتے ہوئے ایم کیوایم کی جدوجہد سے صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی فروغ پارہی ہے اور تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام آپس میں بھائیوں کی طرح زندگی بسر کررہے ہیں۔ اس موقع پر علامہ حسن ظفر نقوی نے کہا کہ شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارگی کے فروغ، قیام امن کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے مثالی کردار کی تعریف کی۔ ملاقات میں صوبائی مشیر ماحولیات شیخ افضل احمد، ارکان قومی اسمبلی وسیم احمد، ڈپٹی اقبال، علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اور اراکین موجود تھے۔

## قائدتحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے اس ملک میں قومی یکجہتی کوفروغ دیا،عظیم دانش

## میرپورخاص زون کے تحت "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان کے سلسلے میں منعقدہ مختلف یونٹس اور یوسیز میں تقریب سے خطاب

میرپورخاص:۔۔۔29نومبر 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے تحت "یوم یکجہتی واستحکام پاکستان" میرپورخاص زون میں انتہائی جوش وخروش کیساتھ منایا گیا۔اس سلسلے میں میرپورخاص زون کے مختلف یونٹس اور یوسیز میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم لہرانے کی تقریبات منعقد کی گئی جس میں حق پرست ممبر صوبائی اسمبلی فہیم الطافی،میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش وزونل کمیٹی کے اراکین اور ذیلی یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش نے کہا کہ ہم ایک محبّ وطن جماعت کے کارکن ہے اور ہمیں ملک پر آنیوالے کسی بھی بری گھڑی اور نازک وقت میں بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے ہمہ وقت تیار ہیں ۔انہوں کرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے اس ملک میں قومی یکجہتی کوفروغ دیا اور ملک میں بسنے والی تمام اکائیوں کوایک متفقہ پلیٹ فارم میں دیا تاکہ بکھری ہوئی قوم کوایک لڑی میں پرویا جاسکے کیونکہ ایک متحد قوم ہی دنیا میں عزت اور وقار حاصل کرسکتی ہے۔انہوں نے مہمند ایجنسی میں امریکی اور نیٹو فورسز کی جانب سے پاکستانی سیکورٹی اہلکاروں پر حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور پاکستان کی افواج پاکستان سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا۔

## پیار،اخوت اور اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا،اراکین رابطہ کمیٹی

## ایم کیوایم میں فرقہ واریت کا کوئی جھگڑانہیں بلکہ اس کے پلیٹ فارم سے ہمیں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا درس ملتا ہے

## ایم کیوایم رابطہ کمیٹی کی ملتان کے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علماء کرام سے ملاقاتیں

ملتان۔۔۔۔29نومبر 2011

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یارخان اور سلیم تاجک نے انجمن حیدریہ کے صدر وممتاز شیعہ عالم دین شمیم حیدر عابدی،اسلامی جمہوری محاذ کے مرکزی رہنماء علامہ انیس روحانی اور پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے مرکزی جنرل سیکریٹری الحاج محمد اشرف قاضی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور قائدتحریک جناب الطاف حسین کا مذہبی ہم آہنگی کا پیغام پہنچایا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ہمیں پیار،اخوت اور اتحاد کا مظاہرہ کرتے ہوئے محرم الحرام کے دوران فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا اور ایک دوسرے کی جان ومال،عزت وآبرو اور عبادت گاہوں کی حفاظت کرنا ہوگی۔اس عمل سے نہ صرف فرقہ وارانہ ہم آہنگی کوفروغ ملے گا بلکہ مسلمانوں کے درمیان نفرتیں پھیلانے والے عناصر کی سازشیں بھی ناکام ہونگیں۔انہوں نے کہا کہ بحیثیت انسان ہمیں مذہب،فقہ،مسلک اور عقائد کی بنیاد پر کسی سے نفرت نہیں کرنی چاہیے، ایم کیوایم میں فرقہ واریت کا کوئی جھگڑانہیں بلکہ اس کے پلیٹ فارم سے ہمیں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کا درس ملتا ہے۔علماء کرام نے الطاف حسین کی جانب سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی و اتحاد بین المسلمین کیلئے کی جانیوالی عملی کوششوں کو سراہا اور اس حوالے سے ان کی کاوشوں پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔علماء کرام نے محرم الحرام میں مجالسوں اور جلوسوں کے انعقاد کے سلسلے میں بھرپور تعاون کی یقین دہانی کرائی جس پر اراکین رابطہ کمیٹی نے ان کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب کے انچارج محمد حسین،ایم کیوایم ملتان زون کے قائم مقام انچارج راؤ خالد اور زونل کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔29نومبر،2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم اسکیم 33 معمار سیکٹر یونٹ C-33 کے شہید کارکن نور محمد کے والد عبدالرشید،کوئٹہ زون کے کارکن وحید رفیق کے والد سردار رفیق ،اورنگی سیکٹر یونٹ B-121 کے رکن فہد احمد کے والد مختار احمد اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن محمد سلیم قریشی کی والدہ محترمہ جنت بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہا کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆